بدقسمتی سے اس وقت بھی پاکستان میں چند پڑھے لکھے اصحاب ایسے موجود ہیں جو اپنے مشکوک اسباب کی بنا پر یہ کہنے سے گریز نہیں کرتے کہ تقسیم ہند کی سکیم درحقیقت انگریز کی سازش تھی جسے پورا کرنے کے لئے انہوں نے قائداعظمؒ کو آلۂ کار بنایا۔ اس قسم کے نام نہاد دانشوروں کے الزامات کی تردید میں اس سے قبل بہت کچھ کہا اور لکھا بھی جا چکا ہے۔ لیکن اب خود ایک ایسی شہادت سامنے آئی ہے جس کے معتبر ہونے میں کوئی شبہ نہیں کیونکہ یہ نہ صرف ایک انگریز کی شہادت ہے بلکہ پاکستان کے ایک دشمن کی شہادت ہے۔ لارڈ ماؤنٹ بیٹن غیر منقسم ہندوستان کا آخری وائسرائے تھا۔ اس نے بی بی سی لندن کے نمائندہ مسٹر ڈینس ٹولے کو جو انٹرویو دیا ہے وہ انگلستان کے تقریباً تمام اخبارات میں شائع ہوا ہے۔ ذیل میں اس کا ترجمہ دیا جاتا ہے۔ امید ہے کہ اس مکمل ترجمہ سے ایسے نام نہاد دانشوروں کی آنکھیں کھل جائیں گی جو آج بھی پاکستان کو انگریز کا عطیہ کہتے ہیں۔ (مترجم)

ڈینس ٹولے (بی بی سی): یور ایکسی لینسی! آپ غیر منقسم ہندوستان کے آخری وائسرائے تھے آپ نے ہی اقتدار پاکستان و ہندوستان دو آزاد مملکتوں کو منتقل کیا تھا۔ کیا اس وقت ہندوستان کو متحد رکھنے کا کوئی امکان تھا؟ کیا آپ نے کوشش کی تھی کہ اقتدار ایک متحدہ ہندوستان کو منتقل ہو؟

لارڈ ماؤنٹ بیٹن: مجھے صرف اسی مقصد کے لئے ہندوستان بھیجا گیا تھا کہ میں اس ملک کو کسی نہ کسی طریق سے متحد رکھ سکوں اور ایک متحدہ ہندوستان ہی کو اقتدار منتقل کروں۔ ہم دو سو سال کے بعد اس عظیم ملک کو چھوڑ رہے تھے۔ نہ صرف ایٹلی گورنمنٹ کی بلکہ میری بھی مرضی یہی تھی کہ ہندوستان کو متحدہ صورت ہی میں چھوڑ کر ہم واپس چلے جائیں۔ کاش اگر ایسا ہو سکتا تو یہ میرا ایک عظیم الشان کارنامہ ہوتا۔ نہ صرف میرا بلکہ ایٹلی گورنمنٹ کا تاریخی معرکہ ہوتا۔ ہندوستان کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا میرے نزدیک ایک الم انگیز حادثہ تھا جس سے اس متحدہ ملک کی قوت پارہ پارہ ہو گئی تھی۔ میں نے اس مقصد کے لئے بھرپور کوشش کی۔ دن رات ایک کر دیئے۔ راتوں کی نیند حرام کی لیکن میرے اس مقصد کی راہ میں ایک ایسا شخص حائل تھا جو پہاڑ کی طرح مقاومت بنے کھڑا تھا جو چٹانوں کی طرح میرے مقصد میں سد راہ تھا اور وہ تھا (قائداعظمؒ) مسٹر محمد علی جناح صدر آل انڈیا مسلم لیگ۔ وہ شروع سے آخر تک ایک ہی نعرہ کہتا چلا گیا اور اس کے اس نعرہ کو بدلنے کے لئے میری ہر سعی بلیغ ناکام ہو گئی۔ بالآخر مجھے جناح کی ضد کے سامنے جھکنا پڑا۔ اس کی ضد کے آگے مجھے ہتھیار ڈالنے پڑے۔

جون ۱۹۴۷ء کی صبح میں نے غیر منقسم ہندوستان کے تمام لیڈروں کو جمع کیا اور انہیں تقسیم ہند کے پلان کی تفصیلات سے آگاہ کیا ان لیڈروں کو بتایا گیا کہ جواب کے لئے ان کو بارہ گھنٹے کا وقت دیا جاتا ہے۔ نصف شب تک مجھے ان کا جواب مل جانا چاہئے۔ نصف شب تک سکھوں کے نمائندہ سردار بلدیو سنگھ کی طرف سے "ہاں" میں جواب آ گیا۔ آل انڈیا نیشنل کانگریس کے صدر اچاریہ کرپلانی نے بھی ایک دو شرائط کے ساتھ ہاں کر دی یہ شرائط معمولی اور قابل قبول تھیں لیکن (قائداعظمؒ) محمد علی جناح کی طرف سے کوئی جواب نہ آیا۔ جب ۲ کو نصف شب کے وقت میں نے جناح صاحب کو بلایا۔ وہ آدھی رات کے قریب آ تو گئے لیکن عجیب و غریب مزاج کا مظاہرہ کرنے لگے۔ میں نے ان سے کہا کہ آپ جانتے ہیں کہ جس قسم کا پلان آپ پاکستان کے لئے چاہتے تھے وہ میں نے تیار کر دیا ہے۔ کیا یہ آپ کو منظور ہے؟ جناح صاحب نے جواب دیا کہ مجھے اس کا اختیار حاصل نہیں۔ آل انڈیا مسلم لیگ کے دستور کی رو سے صرف مسلم لیگ کونسل ہی ایسا کر سکتی ہے۔ میں صرف مسلم لیگ کمیٹی کا صدر ہوں۔ مجھے لیگ کی کونسل کا اجلاس بلانا پڑے گا۔ یہی کونسل آپ کے سوال کا جواب دے سکے گی اور اس کے لئے مجھے کم از کم سات روز درکار ہوں گے۔

میں نے جناح صاحب کو کہا کہ اگر آپ نے اس کے منظور کرنے میں ایک ہفتہ کی تاخیر کی تو میرے تمام کئے کرائے پر پانی پھر جائے گا۔ آپ کی طرف سے تاخیر کا ذرا سا شائبہ بھی آل انڈیا نیشنل کانگریس کے اراکین کو عموماً اور گاندھی و نہرو کو خصوصاً سخت برافروختہ کر دے گا۔ نتیجہ یہ ہو گا کہ نہرو بھی اس پلان کو قبول کرنے سے انکار کر دے گا۔ آپ اچھی طرح سن لیں اور کان کھول کر سن لیں کہ اس کے بعد آپ کو پاکستان کبھی نہیں مل سکے گا۔ میں نہیں چاہتا کہ میں آپ کے پاکستان کے منصوبے کو تاراج کر دوں (تباہ کر دوں) مجھے فیصلہ کن مرحلہ تک پہنچ کر رہنا ہے۔ میں کل صبح ہی تمام لیڈروں کی میٹنگ بلا رہا ہوں۔ سب سے پہلے اس میٹنگ میں میں کہوں گا کہ سکھوں کی طرف سے "ہاں" میں جواب موصول ہو چکا ہے۔ اس طرح کانگریس والوں کی طرف سے بھی ہاں ہو چکی ہے میں نے مسٹر جناح سے بھی زبانی بات چیت کر لی ہے وہ بھی اس پلان سے مطمئن ہیں ہمیں سمجھ لینا چاہئے کہ یہ مسودہ ان کو بھی منظور ہے۔ یہ کہنے کے بعد میں آپ کی طرف دیکھوں گا۔ آپ زبان سے بیشک کچھ نہ کہیں صرف سر کو ذرا سا ہلا دینا اگر آپ نے اس وقت سر کی جنبش سے ہاں نہ کی تو پھر اچھی طرح سمجھ لیجئے کہ پاکستان آپ کے ہاتھ سے گیا پھر ہم متحدہ گورنمنٹ کو ہی اختیارات سونپ کر چلے جائیں گے اور نتائج کی تمام ذمہ داری آپ پر ہو گی جس مقصد (پاکستان) کے لئے آپ نے اس قدر جدوجہد کی ہے اور جو کٹھن جنگ لڑی ہے اسے آپ ہمیشہ کے لئے ضائع کر دیں گے۔

دوسری صبح میں نے میٹنگ بلائی۔ یہ وقت میری تمام فوجی و سیاسی زندگی کا نازک ترین لمحہ تھا۔ میں کبھی بھی اتنا مضطرب اور پریشان نہیں ہوا تھا جتنا اس روز تھا۔ مجھے یقین تھا کہ جناح صاحب سر نہیں ہلائیں گے اور وہی مطالبہ مسلم لیگ کونسل والا دہرا دیں گے جس کے بعد میں مختلف لائن (متحدہ ہندوستان) پر نیا پلان بنانے کے لئے مجبور ہو جاؤں گا۔ مگر میری تمام امیدوں کے خلاف جناح صاحب نے سر ہلا دیا۔ میں حیران رہ گیا۔ میں نے فوراً اپنے آپ کو سنبھالا اور کہا شکریہ مسٹر جناح! مجھے خوشی ہے کہ آپ کی طرف سے بھی ہاں ہو گئی۔ یوں پاکستان کا مسئلہ جناح کے سر کی ایک جنبش کے ساتھ طے ہو گیا۔

ڈینس ٹولے: جناح کی شخصیت کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟

ماؤنٹ بیٹن: جناح کی شخصیت بڑی نمایاں اور ممتاز تھی۔ پہاڑ کی طرح وہ اپنے مقام پر مستحکم اور سخت تھے۔ مگر ساتھ ہی ساتھ وہ بڑے ہی ٹھنڈے دل و دماغ کا انسان تھا۔ میرے لئے ممکن ہی نہیں تھا کہ میں اس کے دلی خیالات بھانپ سکوں اور اس کے سینے کی گہرائیوں میں اتر سکوں۔ وہ علم نفسیات کا ماہر اور نہایت ہی عقلمند سیاست دان تھا۔ ذہین اور فطین۔ انگریزی زبان پر کامل اور مکمل عبور رکھنے والا تھا۔ وہ میرے دلائل کو بڑی آسانی سے سمجھ جاتا۔ نہرو اور گاندھی بھی انگریزی بہت اچھی جانتے تھے مگر جس روانی کے ساتھ جناح انگریزی زبان پر حاوی تھا وہ اس کے عشر عشیر بھی نہیں تھے۔ جناح میرے دلائل کو اچھی طرح سمجھ تو جاتا تھا لیکن اس کے بعد ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے اس نے اپنے اور میرے درمیان کوئی پردہ ڈال دیا ہے وہ میرے تمام براہین و دلائل کو غفلت میں ایک طرف رکھ دیتا تھا اور میں اس کے جواب کے لئے اس کے دماغ میں تھوڑی سی تحریک پیدا کرنے میں بھی ناکام رہتا۔ انگریزی میری مادری زبان تھی، اس کی مادری زبان نہیں تھی۔ لیکن میں اسے اس کے مقام سے ذرا بھی سرکا نہیں سکتا تھا۔

ڈینس ٹولے: آپ کا مطلب ہے کہ وہ اپنے موقف پر اڑ جاتے تھے؟

ماؤنٹ بیٹن: نہیں نہیں۔ ایسا نہیں۔ وہ ضدی نہیں تھے اور نہ ہی منافق تھے۔ راست باز اور صاف گو قسم کے سیاست دان تھے۔ میں ایک واقعہ بیان کروں گا جس سے مسٹر جناح (مسلم لیگ) اور مسٹر گاندھی (نیشنل کانگریس) کے مزاج میں موازنہ ہو جائے گا اور آپ خود اندازہ لگا لیں گے کہ دونوں حضرات کس کس ڈگر پر چلتے تھے۔ مسٹر گاندھی جو کہ مہاتما گاندھی کہلاتے تھے (اچھوتوں) کا لیڈر بننے کی خاطر ہمیشہ ایک دھوتی سی باندھتے، تھرڈ کلاس میں سفر کرتے اور دہلی آتے تو بھنگیوں کی بستی میں ایک جھونپڑی میں قیام کرتے۔ آل انڈیا نیشنل کانگریس کے لیڈروں کی طرف سے تمام دنیا میں ان کے سادھو اور درویش ہونے کا ڈھنڈورا پیٹا جاتا۔ میں نے ایک بار مسز سروجنی نائیڈو (جو ان دنوں حیدرآباد دکن میں تھیں مگر بعد میں کانگریس کی طرف سے یوپی کی گورنر مقرر ہوئیں) سے پوچھا کہ کیا وجہ ہے کہ آپ لوگ مہاتما گاندھی کو تھرڈ کلاس کمپارٹمنٹ میں سفر کرنے کی اجازت دیتے ہیں، آپ لوگ گاندھی کو بھنگیوں کی گندی بستیوں میں جانے کی بھی اجازت دے دیتے ہیں اور اپنی اس قدر قیمتی سادہ زندگی کے لئے اتنا بڑا خطرہ مول لے لیتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ مہاتما گاندھی کی صحت پر ایسے گندے ماحول میں منفی اثر پڑ جائے؟ مسز سروجنی نائیڈو نے جواب دیا کہ آپ کو کچھ علم نہیں کہ ہم لوگ ان کے لئے کیا کیا کرتے ہیں؟ ہم ان کے لئے جس تھرڈ کلاس کمپارٹمنٹ کا انتخاب کرتے ہیں اسے اچھی طرح فینائل اور دیگر جراثیم کش ادویات سے پہلے صاف کراتے ہیں، اس کے بعد چند ایسے [illegible] لڑکوں کو چنتے ہیں جو کہ [illegible] ہوں۔ ان کو اچھوتوں اور بھنگیوں کے کپڑے پہنا دیتے ہیں اور اس تھرڈ کلاس بوگی میں ان لڑکوں کو بھی داخل کر دیتے ہیں۔ اس کے بعد بھنگیوں کی جس بستی میں مہاتما گاندھی نے دو چار روز ٹھہرنا ہوتا ہے اس بستی کو بھی فینائل وغیرہ سے صاف کرایا جاتا ہے۔ پھر ان منتخب لڑکوں کو بھنگی بنا کر ان کا ساتھی بنا دیتے ہیں۔ اس بڈھے لیڈر مہاتما گاندھی کو اس طرح مفلسی اور غریبی کا کھیل دکھلانے کے لئے آل انڈیا کانگریس کو جو جو پاپڑ بیلنے پڑتے ہیں اور جو جو کھیل کھیلنا پڑتا ہے، وہ ہمیں بہت مہنگا پڑتا ہے۔ لیکن ہمیں یہ سب کچھ کرنا ہی پڑتا ہے خواہ اسے آپ منافقانہ کھیل یا ڈھونگ کا نام ہی کیوں نہ دے دیں۔

ڈینس ٹولے: ہاں! آپ مسٹر محمد علی جناح کی بات کر رہے تھے۔

ماؤنٹ بیٹن: ٹھیک ہے۔ میں جناح کی راست بازی کی بات کروں گا۔ اس لئے لگے ہاتھوں آپ اس شخص کی زندگی کا ایک واقعہ بھی سن لیجئے جو کہ "مہاتما" نہیں تھا۔ مسٹر محمد علی جناح تقسیم سے پہلے گرمیوں میں اکثر شملہ تشریف لایا کرتے تھے۔ جب وہ تحریک پاکستان کی قیادت سنبھالنے کے بعد پہلی بار شملہ گئے تو مسلمانان شملہ نے جناح کے پرتپاک استقبال کا انتظام کیا۔ ریلوے سٹیشن شملہ سے وہ ایک رکشا میں سوار ہوئے (اس زمانے میں وہاں یہی سواری عام تھی) جب وہ لوئر بازار میں سے گزرے تو آگے مسلمانوں کا جلوس تھا۔ مسٹر جناح نے انگریزی ہیٹ پہنا ہوا تھا۔ اس زمانے میں انگریزوں سے دشمنی کی بنا پر ہیٹ کو بڑی نفرت کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ رکشا میں مسٹر جناح نے اس ہیٹ کو اتار کر اپنے زانوؤں پر سامنے دھر رکھا تھا۔ مسلم لیگ شملہ کے پریذیڈنٹ نے جناح سے درخواست کی کہ ہیٹ کو ان کے حوالے کر دیا جائے کیونکہ مسلمانان شملہ امید کرتے ہیں کہ ان کے لیڈر دیسی لباس میں ہوں گے۔ کوٹ پتلون کا تو خیر کوئی حرج نہیں ہے مگر یہ ہیٹ وقتی طور پر ہمیں دے دیں یا اسے کم از کم نیچے پاؤں میں رکھ لیا جائے تاکہ وہ نمایاں طور پر دکھائی نہ دے۔ جناح صاحب نے جب یہ سنا تو بہت برافروختہ ہوئے اور غصے میں کہا:

"مسٹر لوگ مجھے مہاتما گاندھی بنانا چاہتے ہو۔ میں منافق نہیں ہوں۔ پہلے ممکن تھا کہ میں اس ٹوپی کو نیچے بھی رکھ دیتا۔ لیکن اب ایسا کرنا صریح منافقت ہو گی جس کی کم از کم مجھ سے توقع نہ رکھو" یہ کہا اور پھر جناح نے انگریزی ٹوپی کو زانوؤں سے اٹھا کر سر پر رکھ لیا اور اسی ہیئت اور شکل و شباہت میں لوئر بازار شملہ سے گزرے۔

وہ تھا جناح اور یہ تھا مسٹر گاندھی! جناح میں ضد تو تھی لیکن منافقت نہیں تھی۔ سیدھا سچا انسان۔ مربوط مستحکم کا پابند۔ بھلی بات منہ پر کہہ دینے والا راست بازی میں گو یکتا۔ اور ماہر بھی۔ انگریزی زبان دانی میں درجہ اول کا مقرر، نحیف جسم و جان کے ساتھ ہی بارعب اور پرہیبت شخصیت (مسلمانان ہند کو صرف اکیلا یہ شخص ہی بام ترقی اور بام عروج پر لے گیا!)

مسٹر ڈینس ٹولے! میں اب عمر کے آخری حصہ میں داخل ہو گیا ہوں۔ بہت بوڑھا ہو چکا ہوں۔ اس عمر میں غلط بات نہیں کہوں گا پتہ نہیں آسمانی باپ کی طرف سے کب بلاوا آ جائے۔ میں نے بچی کچی ایک ہی دھن بیان کر دی ہے۔ میرے ساتھی تمام کے تمام [illegible] اس دنیا کو چھوڑ چکے ہیں۔ میری اہلیہ بھی عرصہ ہوا فوت ہو چکی ہے تقسیم ہند کے ڈرامے کا واحد کردار شاید میں ہی باقی رہ گیا ہوں۔ میں تمام سیاسی زندگی میں جس شخص سے سب سے زیادہ متاثر ہوا وہ مسٹر محمد علی جناح کی ذات و شخصیت تھی۔ اس میں میں نے منافقت کا شائبہ تک بھی نہ دیکھا۔ اتنا بلند کردار انسان اور قومی لیڈر شاید ہی مسلمانوں کو دوبارہ ملے۔ مسٹر ٹولے! میرے پاس اب اتنا وقت نہیں ہے۔ امید ہے کہ تمہارے ٹی وی پروگرام کے لئے ہندوستان کے انتقال اقتدار کے ڈرامے کے سلسلہ میں یہ انٹرویو کافی ہو گا؟ اب اس انٹرویو کو ختم کر دیں تو بہتر ہو گا۔

مسٹر ڈینس ٹولے: یور ایکسی لینسی! میں آپ کا بے حد مشکور ہوں کہ آپ نے اپنے قیمتی وقت میں سے کچھ وقت اس انٹرویو کے لئے دیا۔ برٹش براڈ کاسٹنگ کی طرف سے شکریہ قبول فرمایئے۔ **لارڈ ماؤنٹ بیٹن:** الوداع الوداع مسٹر ٹولے!

ایک آواز

رات کے آخری غمناک سیہ لمحوں میں
ایک سسکی ہمیں ہولے سے صدا دیتی ہے
اپنے ماضی کے اجالوں کو بھلانے والو
زندگی آج تمہیں سخت سزا دیتی ہے

کیسے انسان ہو تم اپنا خدا بھول گئے
تم نے پیمان وفا عہد سے کیا بھول گئے
خوئے ایماں زری شرم و حیا بھول گئے
شیوہ اہل وفا۔ اہل وفا بھول گئے

تم نے آئین وفاداری بھلا ڈالا ہے
اپنی تاریخ کا ہر باب جلا ڈالا ہے
اپنے اجداد کا ہر نقش مٹا ڈالا ہے
اپنی غیرت کو تہ خاک سلا ڈالا ہے

تم نے توہین مقامات شہیداں کی ہے
تم نے پامالی تقدیس گلستاں کی ہے
تم نے انصاف کے پرچم کے اڑا کر ٹکڑے
اپنے گلشن میں بپا شام غریباں کی ہے

آج پھر وقت تمہیں آ کے صدا دیتا ہے
اپنی آغوش میں صدیوں کے سویرے لے کر
منزل شوق میں پھر سیل رواں ہو جاؤ
اپنے ہاتھوں میں اخوت کے پھریرے لے کر

آج پھر صبح کی کرنوں میں نئی بخشش ہے
آج پھر ایک نیا عزم وفا لے کے بڑھو
اپنے ہاتھوں پہ وہی پرچم اسلاف لئے
کامرانی و شجاعت کی ادا لے کے بڑھو

رضا ثروانہ

قرآن مجید کا نسخہ

ٹورنٹو کی جامع مسجد میں ایک [illegible] قرآن پاک کا نسخہ [illegible] جس میں عربی کے ساتھ انگریزی اور اردو ترجمہ [illegible] ہے۔ [illegible] MARMADUKE PICKTHALL [illegible] اردو [illegible] عبداللہ یوسف علی [illegible] ہے۔ قیمت چار ڈالر ہے۔ [illegible]

[illegible]

وینکوور میں اردو اکیڈیمی

وینکوور (برٹش کولمبیا) - یہاں پاکستان اور ہندوستان کے [illegible] دلچسپی رکھنے والے حضرات نے اردو اکیڈیمی کی بنیاد رکھی ہے۔ یہ اکیڈیمی صوبہ برٹش کولمبیا میں اردو کے فروغ [illegible] کی تنظیم [illegible] طریقے سے کی گئی ہے [illegible] [illegible] مختلف قسم کی ذمہ داریاں ہوں گی اور تمام فیصلے اکیڈیمی کے ممبروں کی اکثریت سے کیے جائیں گے۔

اکیڈیمی نے اپنے ایک اجلاس میں یہ فیصلہ کیا ہے کہ بچوں کے لیے پاکستان اسلامک سنٹر میں اردو کی کلاسیں شروع کی جائیں۔

پروفیسر علی طیب انتقال کر گئے

ٹورنٹو یونیورسٹی کے شعبۂ جغرافیہ کے پاکستانی پروفیسر جناب علی طیب جمعرات ۱۹ فروری کو حرکتِ قلب بند ہو جانے سے انتقال [illegible] [illegible]

علی طیب مرحوم نے ۱۹۴۳ء میں علی گڑھ یونیورسٹی سے ایم۔ اے کیا تھا۔ [illegible] کالج [illegible] میں [illegible] انہوں نے [illegible] [illegible] اور ۱۹۵۹ء میں جب [illegible] ٹورنٹو یونیورسٹی سے [illegible] ٹورنٹو تشریف لائے۔ پھر اسی یونیورسٹی میں پڑھانا شروع کیا اور ۱۹۶۱ء میں [illegible] [illegible]

پاکستان [illegible] [illegible] [illegible]

مرحوم کی نمازِ جنازہ [illegible] [illegible] [illegible]

مرحوم کی وفات سے [illegible] علمی حلقے کا نقصان عظیم ہے۔ [illegible] پاکستان [illegible] [illegible]

مرحوم ایشیائی اور سوویٹ یونین کے حالات پر عالمی شہرت کی اتھارٹی رکھتے تھے۔ اور ان موضوعات پر انہوں نے کئی مقالے تصنیف کیے تھے۔ آپ کی کتاب POLITICAL GEOGRAPHY OF PAKISTAN

مرحوم [illegible] [illegible] اور [illegible] پسماندگان میں [illegible] [illegible] کے علاوہ تین بچے ہیں۔ مرحوم کے ایک بھائی رشید طیب بھی کینیڈا میں مقیم ہیں۔

ادارہ کریسنٹ [illegible] اور پاکستان کے غم میں شریک ہے۔

ٹورنٹو کے ایک پاکستانی تاجر کی بہادری

ٹورنٹو پولیس رپورٹ - ایک مقامی پاکستانی تاجر فاروق صوفی کی دکان میں کچھ دنوں پہلے ایک شخص داخل ہوا اور چاقو دکھا کے [illegible] کیش بکس میں جتنے بھی پیسے ہیں اس کے حوالے کر دیے جائیں۔ صوفی صاحب نے [illegible] دو سو پچاس ڈالر کی رقم [illegible] کی طرف بڑھائی۔ پھر رقم [illegible] جیب میں [illegible] چاقو کاؤنٹر پر رکھ دیا۔ یہ دیکھ کر ۲۷ سالہ فاروق صوفی نے اس کا گریبان پکڑ کر ایک دو گھونسے رسید کیے۔ [illegible] شیشے کی بوتل [illegible] وار کیا [illegible] باہر [illegible] نکلا۔ فاروق صوفی نے اس کا پیچھا کیا اور باہر [illegible] جا کر اسے پکڑا [illegible] [illegible] باہر [illegible] صوفی صاحب کی کاری ضرب [illegible] کامیاب ہو گیا۔ مگر [illegible] میں پولیس پہنچ گئی اور چور پکڑا گیا۔ صوفی صاحب [illegible] [illegible]

فاروق صوفی کے ساتھ پچھلے سال بھی اسی طرح کا ایک واقعہ پیش آیا تھا جس میں چور اپنے ساتھ پستول لے آیا تھا جو انہوں نے اس کی پستول چھین کر خوب پٹائی کی اور بعد میں اسے پولیس کے حوالے کر دیا۔ چور ابھی تک حوالات میں بند ہے۔

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورتِ رشتہ

ایک خوش ذوق لڑکی عمر ۲۲ سال کیلئے ٹورنٹو یا اس کے قریب سکونت رکھنے والے مسلمان [illegible] [illegible] کا رشتہ مطلوب ہے۔ خواہشمند [illegible] پر فون کر سکتے ہیں:

(416) 497 4376

•

پنجابی کشمیری خاندان کی ایم [illegible] سلیقہ شعار لڑکی عمر ۲۲ سال کیلئے مناسب رشتہ درکار ہے۔ ٹیلی فون 3149-[illegible] پر رابطہ قائم کیجیے۔

•

امریکہ میں مستقل ویزا پر مقیم پاکستانی سنی مسلمان نوجوان جو اعلیٰ تعلیم، پوزیشن، آمدنی اور جائداد کے مالک مگر فارن بیوی سے طلاق شدہ ہیں - کیلئے موزوں رشتہ بعمر ۲۵ تا ۳۵ سال مطلوب ہے - پوری تفصیلات مکمل رازداری کے اعتماد کے ساتھ بھیجئے:-

PAK CENTER
C/O CRESCENT

•

یونیورسٹی کے دو طلباء عمر بہ الترتیب ۲۷ اور ۲۵ سال سید سنی العقیدہ کیلئے امیگرنٹ مسلمان لڑکیوں کا رشتہ مطلوب ہے۔ حسبِ ذیل پر مراسلت کیجئے:

S. J.
C/O CRESCENT

•

کرائے کیلئے خالی ہے

ڈان ملز کے علاقے میں ٹی۔ٹی۔سی کے قریب ایک فلیٹ کرائے کے لیئے خالی ہے۔ اس نمبر پر فون کیجئے:

429-7230

ہماری ڈاک

جناب ایڈیٹر صاحب - السلام علیکم

۲۵ فروری کی شام ٹورانٹو کے پاکستانیوں کے لیے حسین ترین شام تھی۔ اس شام پاکستان کے وزیر اعظم نے پاکستانیوں کے عظیم اجتماع سے خطاب کیا - ہال داد و تحسین کے نعروں سے گونج رہا تھا۔ لیکن وہیں ایک صاحب نے بڑے غیر شائستہ طریقے سے وزیر اعظم کی تقریر میں دخل اندازی کی اور بدمزگی کر کے پیش دیا۔ میں ان صاحب سے درخواست کروں گا کہ جب مقامی اخبارات کو انٹرویو دے کر انہوں نے پوری قوم کی تذلیل کرنے کی کوشش کی ہے اپنی اخبارات کے ذریعے وزیر اعظم پاکستان اور پاکستانی قوم سے معافی مانگیں اور آئندہ اس قسم کی حرکات سے اجتناب کرنے کا وعدہ کریں۔

فقط ایک پاکستانی
س۔م۔ز۔ح

(مراسلہ نگار نے خط پر اپنا پورا نام اور پتہ بھیجا تھا ——— ادارہ)

پاکستان میں بھارتی فلمیں درآمد کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا : پیرزادہ

دریائے گنگا کے پانی کی تقسیم کے مسئلے پر بھارت بین الاقوامی اصولوں کی خلاف ورزی کر رہا ہے

بھارتی جارحیت کا مقابلہ کرنے کے لئے عوام متحد ہو جائیں

ڈھاکہ کے جلسہ عام میں بھارت کی مذمت میں قرارداد منظور کی گئی

حضرت علیؓ اور امام حسینؓ کے نام والے کپڑے کو ضبط کرنے کا حکم دیدیا گیا ہے : کوثر نیازی

نیشنل انڈسٹری کمیشن ایجنسی کو غیر معیاری مال درآمد کرنے والوں کے خلاف تحقیقات کا حکم دیدیا گیا ہے : خان قیوم

اندرا گاندھی ایوب خاں کے نقش قدم پر چل رہی ہیں : لیبر فیڈریشن

پارلیمنٹ نے بلوچستان میں صدر راج کے نفاذ کی توثیق کر دی

نفاذ کی مدت میں دو ماہ کی توسیع کی قرارداد بھی منظور کر لی گئی

بلوچستان کے عوام کو آئینی تبدیلیوں سے کوئی دلچسپی نہیں : ملک محمد اختر

اسلام آباد ۔۔۔ (اپ پ) آج یہاں پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں قرارداد منظور کر کے بلوچستان میں صدر راج کے نفاذ سے متعلق صدر مملکت کے ۱۲ فروری ۱۹۷۶ء کے اعلان کی توثیق کر دی گئی۔ ایک دوسری قرارداد کے ذریعے صدر راج کی مدت میں مزید دو ماہ کی توسیع بھی کر دی گئی ہے۔

پاک فوج کے جیالے مادر وطن کے دفاع میں لیبرٹی تھواٹرمری کے نئے باب رقم کریں گے : جنرل شریف

فی الحال حکومت کے خلاف تحریک شروع نہیں کی جائے گی

حکومت کو اپنی مقبولیت اور کامیابی کا یقین ہے تو دفعہ ۱۴۴ ہٹائے : غلام مصطفیٰ کھر

پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان ڈاک کا رابطہ بحال ہو گیا

فی الحال صرف خطوط اور اخبارات بنگلہ دیش بھیجے جائیں گے

فضائی اخراجات پیشگی ادا کرنا ہوں گے

کراچی ۔۔۔ (اپ پ) محکمہ ڈاک کے ایک اعلان کے مطابق پاکستان اور بنگلہ دیش کے مابین ڈاک کا تبادلہ شروع ہو گیا ہے۔

• پی آئی اے کی حوصلہ افزا کارکردگی

نیم سرکاری خود مختار اداروں میں قومی فضائی سروس (پی آئی اے) کو بڑے عرصے سے امتیاز حاصل چلا آ رہا ہے کہ وقت کے تقاضوں کے مطابق کارکردگی کا معیار بڑھانے کے ساتھ اسے کاروباری نقطۂ نظر سے بھی کامیاب بنانے کی پوری کوشش کی جاتی ہے۔ چند دن پہلے اس کے سربراہ ائر مارشل (ریٹائرڈ) نور خان نے گزشتہ مالی سال ۷۵۔۱۹۷۴ء کی جو رپورٹ پیش کی تھی، اس کے مطابق پی آئی اے نے ۱۸ کروڑ روپے کا منافع حاصل کیا، جو ایک سال پہلے کے مقابلہ میں ۱۸ فیصد زیادہ ہے۔ اس دوران میں مسافروں کی تعداد میں ۴۰ فیصد اور باربرداری کے سلسلہ میں کارکردگی میں ۳۰ فیصد اضافہ ہوا۔ اس طرح یہ ادارہ تین چار سال بعد اپنے حصص داروں کو ۱۲ فی صد منافع ادا کرنے کے قابل بن گیا ہے۔ یہ شرح بینکوں سے قرضوں کی مروجہ شرح سود سے اگرچہ کچھ کم ہے، لیکن یہ توقع کی جاتی ہے کہ ترقی و توسیع اور کارکردگی کا معیار بڑھانے کی رفتار کو برقرار رکھا گیا تو منافع کا تناسب بھی بڑھ جائے گا۔ ادارہ کے سربراہ نے زیر نظر سالانہ رپورٹ میں بھی یہ توقع ظاہر کی ہے کہ رواں مالی سال میں منافع دگنا ہو جائے گا۔ امید کرنی چاہئے کہ کاروباری کامیابی کے ساتھ مسافروں کی خدمت و بہبود کا معیار بھی بڑھانے کی طرف مزید توجہ کی جائے گی۔

حدیث نبویؐ

بیشک اللہ تعالیٰ اس بندے سے خوش ہوتا ہے جو کھانا کھائے تو اس کی تعریف کرے اور پانی پئے تو اس کی تعریف کرے۔

(الحمدللہ کہے)


ہماری غلطی

ہمارے ۱۵ فروری کے شمارے میں نیشنل بنک آف پاکستان کے اشتہار کی اردو عبارت میں بنک کی شاخوں کی تعداد بارہ سو کی بجائے سات سو چھپ گئی ہے۔ قارئین تصحیح فرمالیں۔ شکریہ (ادارہ)

رسول کریمؐ کے عالمی انسانی برادری کے تصور پر عمل کر کے مسلمان پوری دنیا پر حاوی ہو سکتے ہیں : امام بیت اللہ


اسلام عصر حاضر کے تمام تقاضوں کو پورا کرتا ہے

بادشاہی مسجد میں لاکھوں فرزندان توحید سے امام مسجد الحرام کا خطاب



امام مسجد الحرام، مفتی محمود اور مولانا کوثر نیازی نوافل ادا کر رہے ہیں۔

اسرائیل نے مسجد اقصیٰ کے نیچے کھدائی شروع کرادی دالڈہائم سے چالیس اسلامی ملکوں کا زبردست احتجاج


شیر پاکستان اچھا پہلوان کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے فوری تحقیقات کا وعدہ کرلیا

نیویارک ـــــ (پی پی آئی) چالیس اسلامی ممالک کے گروپ نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کرٹ والڈ ہائم سے ... مسلمانوں کے مقامات مقدسہ کی بے حرمتی ... اسرائیل کی ... کی اجازت ... احتجاج کیا ...

اخلاق حمیدہ کو اپنانے ہی سے انتشار ختم ہو سکتا ہے: مفتی اعظم لبنان

سیرت کانگریس کے ذریعے اسلام کے بارے میں مغربی اقوام کی غلط فہمیاں دور کردی جائیں گی

۱۹۷۶ء غلبۂ اسلام کا سال ہے: مولانا کوثر نیازی

لاہور ـــــ (سٹاف رپورٹر) شیخ الجامعہ الازہر جناب عبدالحلیم محمود اور مفتی اعظم لبنان شیخ حسن خالد نے آج یہاں بادشاہی مسجد میں نماز جمعہ کے بعد لاکھوں فرزندان توحید سے خطاب کیا۔ جناب عبدالحلیم محمود نے کہا کہ بیت المقدس کو آزاد کرانے کے لئے مسلمانوں میں جذبہ جہاد کو بلند کیا جائے اور اس سال کو جہاد کا سال قرار دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں پر یہ وقت ایسا ہے جبکہ ان پر جہاد فرض ہو چکا ہے کیونکہ اسلام کے دشمنوں نے فلسطین ...

مفتی اعظم لبنان

مفتی اعظم لبنان شیخ حسن خالد نے اس موقع پر اپنے خطاب میں کہا ہے کہ لبنان کے مسلمانوں کو اپنے قریبی دشمنوں کے ہاتھوں زبردست اقتصادی اور سیاسی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا۔ لیکن بعد میں اللہ تعالیٰ نے فضل کیا اور حالات بہتر ہونے لگے ... انہوں نے کہا کہ اگر مسلمان صدق دل سے کتاب و سنت کو تھام لیں تو تمام عالم اسلام کے دشمنوں کو دیکھتے ہی دیکھتے ایک کاری ضرب لگائی جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کے نزدیک اور اس کے رسول کے نزدیک سب سے بہتر اور محبوب وہ ہے جس کا اخلاق بہتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک ہر مسلمان اخلاق حمیدہ پر مکمل طور پر دوبارہ عمل پیرا نہیں ہوتا اس وقت تک انتشار ختم نہیں ہوگا۔ آپ نے کہا کہ جب تک مسلمانوں میں انتشار باقی ہے، انہیں اپنے کسی بھی مقصد میں کامیابی نہیں ہو سکتی۔ ... اجتماعی مقاصد کے حصول کے لئے اتحاد و اتفاق کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ آپ نے کہا کہ اس دنیا میں ... باہمی محبت کے حصول اور اللہ تعالیٰ کے خوف کو دور کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ہر انسان دوسرے کا خیر خواہ ہو جائے۔

چودھری ظہور الٰہی کو اپوزیشن پارلیمانی پارٹی کا ڈپٹی لیڈر منتخب کرلیا گیا

اسلام آباد ـــــ (نمائندہ خصوصی) اپوزیشن کے مشترکہ اجلاس میں آج اتفاق رائے سے چودھری ظہور الٰہی ایم این اے کو پارلیمانی پارٹی کا ڈپٹی لیڈر منتخب کر لیا گیا۔ اس اجلاس کی صدارت مولانا مفتی محمود نے کی ... اجلاس کے بعد ... چودھری ظہور الٰہی ... قرار داد ... پارٹی کے فیصلے کی پابندی ... سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔

بھارت میں ایٹمی توانائی کی پیداوار ہر پانچ سال بعد دگنی ہو جائے گی

آٹھ برس تک بھارت میں ۲۰۰۰ میگاواٹ تک کے ایٹمی بجلی گھر کام کرنے لگیں گے

نئی دہلی ـــــ (اے پی پی) بھارتی ایٹمی توانائی کمیشن کے چیئرمین ہومی سیٹھنا نے بتایا ہے کہ ان کا ملک ایٹمی توانائی کے شعبے میں تیزی سے ترقی کر رہا ہے اور ... ایٹمی توانائی کی پیداوار ہر پانچ برس بعد دگنی ہو جائے گی ...

محکمہ ٹیلی فون کے بقایاجات ادا نہ کرنے پر طاہر ایوب کے وارنٹ گرفتاری

لاہور ـــــ (سٹاف رپورٹر) ... صدر ایوب خان مرحوم کے صاحبزادے طاہر ایوب کے خلاف ... ٹیلی فون کے بقایاجات ادا نہ کرنے کے الزام میں ... وارنٹ جاری کر دئے گئے ہیں ...

اچھا پہلوان شیر پاکستان انتقال کر گئے

گوجرانوالہ ـــــ (نمائندہ خصوصی) پاکستان کے نامور اور حکومت پاکستان سے خطاب یافتہ اچھا پہلوان شیر پاکستان آج دل کا دورہ پڑنے سے اچانک انتقال کر گئے۔ انتقال کی خبر ... شہر کے تمام ... مرحوم کی نماز جنازہ ... شہروں کے علاوہ ...

بھارتی حکومت سیاسی قیدیوں پر جیلوں میں انسانیت سوز تشدد کر رہی ہے

تمام اپوزیشن پارٹیاں تین گروپوں کی صورت میں منظم ہو جائیں گی

مشترکہ سیاسی پلیٹ فارم قائم کرنے کے مذاکرات جاری ہیں

پیپلز پارٹی کی حلیف جماعت قیوم لیگ کی طرف سے بھی دلچسپی کا اظہار

اپوزیشن کے ارکان اسمبلی کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں

مغربی بنگال اسمبلی کے سپیکر نے واقعات کی پارلیمانی تحقیقات کا حکم دے دیا

پی پی کے پروگرام پر پاکستان تنظیم کا احتجاج

کریسنٹ

پاکستان شمالی کوریا کے راستے روسی اسلحہ حاصل کر رہا ہے؟

کراچی میں ۱۰ لاکھ فرزندانِ توحید نے مسجد نبوی کے امام کی اقتدا میں نماز ادا کی


نمازِ جمعہ کے تاریخی اجتماع میں سندھ کے اندرونی علاقوں سے بھی ہزاروں افراد شریک ہوئے۔ جمعہ ہزاروں خواتین بھی نمازِ جمعہ میں شریک تھیں، اجتماع کا نظم و ضبط ...

اسلام میں تمام دُنیاوی مسائل و مشکلات کا حل موجود ہے

انسان رسول اکرم صلعم کی تعلیمات سے رہنمائی حاصل کریں۔ شیخ عبدالعزیز بن صالح کا خطاب

کراچی ۔۔۔۔ (اے پی پ) آج یہاں شیشن گراؤنڈ کے قریب سوا لاکھ گز کے میدان میں لاکھوں افراد نے امام مسجد نبوی شیخ عبدالعزیز بن صالح کی اقتدا میں نماز جمعہ ادا کی، یہ اجتماع کے سلسلے میں ... افراد کا شاید ہی ... منعقد ہوا ہوگا۔ ایئرپورٹ ... امام مسجد نبوی نے اس موقع پر دنیا بھر کے مسلمانوں کے اتحاد، بھلائی اور ترقی کے لیے دعا مانگی۔ نماز جمعہ میں شرکت کرنے والوں میں وزیر اعلیٰ سندھ غلام مصطفیٰ جتوئی، سندھ اسمبلی کے ... اور ارکان اسمبلی کے اعلیٰ حکام شامل تھے۔

ہمارے نمائندے کے مطابق ... سے متصل ... اور دیگر قریبی ... بازاروں سے پر تھیں ... شیخ عبدالعزیز بن صالح نے اپنے خطبے میں فرمایا کہ تلقین کی کہ وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کو اپنی عملی زندگی کے لیے رہنما بنائیں ...



جیف آف آرمی سٹاف جنرل ٹکا خان کاکول اکیڈمی میں بریگیڈیئر ظہیر احمد خان کمانڈنٹ پی ایم اے کا نشان پیش کر رہے ہیں۔

پاکستانی فوج کو ناقابلِ تسخیر بنانے میں جنرل ٹکا خان کی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں

اعلیٰ کارکردگی کے باعث ٹکا خان سپاہی سے معروف شخصیت بن گئے: لیفٹیننٹ جنرل ضیاء الحق

آفیسرز میس میں سابق چیف آف سٹاف کو الوداعی عشائیہ دیا گیا

راولپنڈی ۔۔۔۔ (اپ پ) پاکستان کی بری فوج کے سینئر افسروں نے گزشتہ شب سبکدوش ہونے والے چیف آف سٹاف جنرل ٹکا خان کے اعزاز میں آفیسرز میس میں الوداعی عشائیہ دیا اس میں نامزد چیف آف سٹاف لیفٹیننٹ جنرل ضیاء الحق وزارت دفاع کے سیکرٹری جنرل مسٹر غلام اسحاق، بحریہ کے سربراہ ایڈمرل محمد شریف اور اعلیٰ سول اور فوجی افسروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے لیفٹیننٹ جنرل ضیاء الحق نے جنرل ٹکا خان کو ان کی فوج اور ملک کے لیے شاندار خدمات پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا انہوں نے کہا کہ ۱۹۶۵ء کے شروع میں رن کچھ میں پاکستان کی فتح اور ۱۹۶۵ء کی پاک بھارت جنگ کے دوران سیالکوٹ کے محاذ پر پاکستانی فوجوں کی کامیابی جنرل ٹکا خان کی شاندار قیادت کا نتیجہ تھی۔

دفعہ ۱۴۴ ختم کرکے ملک میں قانون کی بالادستی قائم کی جائے: جان محمد عباسی

بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں کے لیے مختص کروڑوں روپے خورد برد کر لیے گئے

ژوب ۔۔۔۔ نامہ نگار ۔ قائم مقام امیر جماعت اسلامی مولانا جان محمد عباسی نے کہا ہے کہ ملک کی سالمیت اور عوام کے حقوق کی خاطر جدوجہد اس وقت تک جاری رہے گی جب تک مقاصد حاصل نہیں ہو جاتے۔ آج یہاں بار ایسوسی ایشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ مشکل سیاسی حالات سے ہم دوچار ہیں برصغیر کی تاریخ میں اس کی مثال نہیں ملتی انہوں نے اس بات پر اظہار افسوس کیا کہ اپنے اغراض کی خاطر آئین میں یکطرفہ طور پر ترمیمیاں کی جا رہی ہیں اور ملک میں آمرانہ قوانین نافذ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف تو یہ کہا جاتا ہے کہ بھارت اور روس کے ساتھ ہمارے تعلقات نہایت اچھے ہیں لیکن دوسری طرف پورے پاکستان میں ہنگامی قوانین بھی موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت اپوزیشن کو حق بات کہنے کی اجازت نہیں دی جا رہی اور اسے عوام سے رابطہ قائم کرنے میں دفعہ ۱۴۴ کے ذریعے رکاوٹیں کھڑی کی جا رہی ہیں۔ مولانا جان محمد عباسی نے بلوچستان کے مسائل کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ اس صوبے میں ترقیاتی کاموں پر کروڑوں روپے کی خطیر رقم صرف کی گئی لیکن اس رقم کا بڑا حصہ رشوت کی نذر ہو گیا اور بلوچستان میں مطلوبہ ترقی نہیں ہوئی انہوں نے ملک میں قانون کی بالادستی قائم کرنے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ مولانا جان محمد عباسی نے آج یہاں اپنی جماعت کے کارکنوں سے بھی خطاب کیا۔

کراچی میں تیار کردہ تیرہ ہزار ٹن وزنی جہاز ابوظبی کے حوالے کر دیا گیا

ابوظبی کی جہاز رانی کارپوریشن کے لیے ایک اور بھاری جہاز تیار کیا جا رہا ہے

کراچی ۔۔۔۔ (اپ پ) کراچی شپ یارڈ میں ابوظبی کے لیے تیار کردہ ۱۳ ہزار ٹن وزنی جدید مال بردار بحری جہاز آج ایک سادہ تقریب میں ابوظبی کی قومی جہاز رانی کارپوریشن کے حوالے کر دیا گیا۔ جہاز میں سب سے پہلے ابوظبی کا پرچم ... بلند کیا گیا ...

پاکستان اور بنگلہ دیش کے مابین تجارتی تعلقات جلد قائم ہو جائیں گے

لندن ۔۔۔۔ (بی بی سی) پاکستان اور بنگلہ دیش کے مابین ڈاک، تار اور ٹیلی مواصلاتی رابطوں کی بحالی چار برس کے تعطل کے بعد کل سے بحال ہو رہی ہے۔ دونوں ملکوں نے گزشتہ دسمبر میں سفارتی تعلقات بحال کر لیے تھے۔ بی بی سی کے نامہ نگار نے پاکستان اور بنگلہ دیش کے مابین تعلقات معمول پر آنے کے اس تیز عمل کو بہت اہمیت دی ہے اور اپنے تبصرے میں کہا کہ دونوں ملکوں میں باقاعدہ تجارت بھی بہت جلد شروع ہو جائے گی۔ نامہ نگار کے مطابق اسلام آباد کے حکام پر امید ہیں کہ باضابطہ تجارت بہت جلد شروع ہو جائے گی۔

ہر دس ہزار کی آبادی کیلئے ہیلتھ سنٹر قائم کیا جائے گا: شیخ محمد رشید

لاہور ۔۔۔۔ (اے پ پ) وفاقی وزیر خوراک شیخ محمد رشید نے کہا ہے کہ محدود وسائل کے باوجود حکومت نے ملک کے دیہی علاقوں میں طبی سہولتیں فراہم کرنے کا عزم کر رکھا ہے اور اس مقصد کے لئے حکومت نے ایک پروگرام تیار کیا ہے جس کے تحت ہر دس ہزار کی آبادی کے لئے ایک ہیلتھ سنٹر قائم کیا جائے گا۔ وہ اچھرہ میں سینٹرل ایڈ جا کر ہیلتھ سنٹر کا افتتاح کر رہے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ ملک میں مزید اصلاحات کی جائیں گی۔ شیخ رشید نے اچھرہ ہیلتھ سنٹر کیلئے پانچ ہزار روپے کا عطیہ بھی دیا۔

کرسینٹ
سوونیئر

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

[illegible]

۲۳ مارچ
[illegible]

آج سے ٹھیک ۳۶ برس پہلے ۲۳ مارچ کے دن برصغیر کے مسلمانوں نے اپنا جدوجہد آزادی کی منزل متعین کی تھی اور مسلمانوں کی واحد نمائندہ جماعت آل انڈیا مسلم لیگ قائداعظم کی بے مثل اور جیو ولوالعزم قیادت سے بہرہ ور مسلم لیگ — نے بادشاہی مسجد کے زیرسایہ اقبال پارک کے تاریخی اجلاس میں وہ عہد ساز قرارداد منظور کی تھی جو قیام پاکستان کا موجب بنی۔

۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کے دن مسلمانان برصغیر نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ ہندو اور مسلمان ایک قوم نہیں بن سکتے۔ مسلمان دینی، ذہنی، تمدنی، ثقافتی، سیاسی اغراض کے اعتبار سے الگ قوم ہیں اور اس بات کے آرزومند ہیں کہ ان کی اپنی علیحدہ اور جداگانہ آزاد خود مختار مملکت ہو تاکہ مسلمان اپنی روایات کے مطابق زندہ رہ سکیں۔ ملکہ اسلام کے لازوال اصولوں کو بروئے کار لاکر دنیا کے سامنے ایک قابل تقلید اسلامی معاشرہ پیش کر سکیں۔

قائداعظم کی زیرقیادت تاریخ ساز جدوجہد اور ان گنت قربانیوں کے بعد بالآخر اگست ۱۹۴۷ء کو مملکت پاکستان وجود میں آئی جسے ۲۳ مارچ ۱۹۵۶ء کو پہلے آئین کے نفاذ کے بعد اسلامی جمہوریہ پاکستان کا نام دیا گیا۔ [illegible]

[illegible]

کہ ۲۸ برس بعد بھی ملک و ملت کا مستقبل [illegible] ہو چکا ہے۔ آج پھر ہم ۱۹۴۷ء کی سی حالت سے دوچار ہیں۔ ہم پھر سے قومیتوں کے چکر میں آ کھڑے ہوئے ہیں اور ملت اسلامیہ کے ایک قرآن، ایک رسول، ایک رشتہ الفت، ایک قوم اور ایک ملک کے اسلامی نظریہ کو فراموش کر کے پنجابی، سندھی، پٹھان، بلوچی اور مہاجر وغیرہ کی جاہلانہ تعصبات کے پیچھے بھاگ رہے ہیں۔

ہم اگر ایک پاکستانی قوم کی حیثیت سے زندہ رہنا چاہتے ہیں تو پھر ہمیں یہ بات اچھی طرح سے ذہن نشین کر لینی چاہئیے کہ ہم صرف نظریہ پاکستان کو زندہ رکھ کر ہی زندہ رہ سکتے ہیں۔ اور اس نظریہ کو اسلامی اصولوں، اسلامی تعلیمات اور اسلامی نظریہ حیات کی بدولت حاصل ہے۔ ہماری نجات کی صرف اور صرف یہی صورت ہے کہ ہم پامردی کے ساتھ پھر صراط مستقیم پر گامزن ہو جائیں —

خدائے برتر کی مہربانی، قارئین کرام کا تعاون، کرم فرماؤں کی عنایت، کارکنوں کی محنت اور اپنی لگن کے باعث شمالی امریکہ میں اردو کا پہلا اخبار [illegible]

[illegible]

وطن کے لئے ایک نظم

خورشید احمد

ہمارے وطن کا یہ خورشید تاباں
ہماری شبوں کا یہ ماہ منور
شاعیں سلامت رہیں اس کی یارو
اندھیرا ہمارا مقدر نہیں ہے

ہمارے پہاڑوں کی شفاف برفیں
ہمیشہ ہمیشہ دمکتی رہیں گی
چھلکتے رہیں گے اجالوں کے ساغر
اندھیرا ہمارا مقدر نہیں ہے

یہ سرسبز و شاداب فصلیں ہماری
یہ پگڈنڈیاں اور آنگن ہمارے
یہ شبنم ہماری
یہ پھولوں کے صدرنگ دامن ہمارے
ازل سے ہمارے
ابد تک ہمارے
اندھیرا ہمارا مقدر نہیں ہے

ہماری ضیا بار آبادیوں میں
نئی عظمتیں جلوہ گر ہو رہی ہیں
کہیں درس گاہیں کہیں کارخانے
پرانے نشیمن نئے آشیانے
ہمارے لہو میں چراغاں ہے ان سے
اندھیرا ہمارا مقدر نہیں ہے

ایک سچا واقعہ

[illegible]

بیٹا جیب کی آخری گاڑی سے روانہ ہوگی۔

مظلوم کشمیر کے محبان وطن سے!

(جب یہ نظم لکھی گئی تھی اس وقت کشمیر میں حریت پسندوں کی جدوجہد شباب پر تھی)

اے بے نوا وطن کے مجاہد دلاورو
سینہ سپر ہو تیغ ستمگر کے سامنے
توڑے گئے اٹھارہ برس تم پہ جو ستم
خود جانتا ہے آپ خداوند دیر گیر
دو داد غم ستا کے زمانے کو بار بار
اہل جنگ زرگری کی جدا ب ... سے
بزم فریب کار زمانہ کے ہاتھ سے
مروانہ وار ڈٹ کے کرو تم مقابلہ
ہر عدالت پسند خدا ترس قوم کو
[illegible]

نازاں ہے تم پہ خطہ کشمیر کی فضا
بن کر خیبر پنجہ بیداد مرحبا
پنہاں نہیں ہیں اہل نظر سے وہ بے گماں
تم نے سہیں جو تم ستمگر کی سختیاں
زخم جگر جہاں کو دکھاتے رہے ہو تم
پیہم حسین فریب ہی کھاتے رہے ہو تم
لبریز اب ہے جام تمہارے جو صبر کا
ظالم ستم شعار حکومت کے جبر کا
تم جو دلیل کے حق و صداقت کا بے تیغ
انصاف اور عدل کی امید ابھی نہیں

دنیائے شرق و غرب کی وسعت میں بالیقین
ہر دردمند دل کی دعا ہے تمہارے ساتھ
غاصب کو تم ارض وطن سے نکال دو
تم حق طلب ہو اور خدا ہے تمہارے ساتھ

[illegible]



صراط مستقیم یا زندگی کی سیدھی راہ، جو خدا تک سیدھی چلی جاتی ہے، اسی کی ہدایت کے لیے ہم ہر نماز کی ہر رکعت میں دعا کرتے ہیں۔ سورہ ہود میں فرمایا "بیشک میرا رب صراط مستقیم پر ہے" (آیت ۵۶) گویا صراط مستقیم وہ ہے جو سیدھی اللہ تعالیٰ کی طرف لے جاتی ہے۔ سورہ یٰسین میں فرمایا "اے بنی آدم! کیا میں نے تم سے یہ عہد نہیں لیا تھا کہ شیطان کی عبادت نہ کرنا، بیشک وہ تمہارا صریح دشمن ہے اور میری عبادت کرو۔ یہی صراط مستقیم ہے۔" (آیات ۶۰، ۶۱)

اسلام میں عبادت صرف ذکر اور دعا نہیں بلکہ جہاد بھی عبادت ہے۔ حج بھی عبادت ہے زکوٰۃ بھی عبادت ہے۔ قربانی بھی عبادت ہے۔ [illegible]

[illegible]



تسلیم کی خوگر ہے جو چیز ہے دنیا میں
انسان کی ہر قوت سرگرم تقاضا ہے
چاہے تو بدل ڈالے ہیئت چمنستان کی
یہ ہستی دانا ہے بینا ہے توانا ہے

اقبال

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ

کریسنٹ

ٹورنٹو کینیڈا

یوم پاکستان نمبر

قومی اسمبلی میں اپوزیشن کو اپنا موقف پیش کرنے کا موقع نہیں دیا جا رہا: مفتی محمود


بلوں کے مطالعہ کا وقت تک نہیں دیا جاتا: پروفیسر غفور احمد

ضابطہ فوجداری میں ترمیم کا بل منظور؛ ترامیم مسترد ہونے پر اپوزیشن کا واک آؤٹ

شاہ خالد ۱۴ مارچ سے پاکستان کا دورہ کریں گے

لیبیا پاکستان کی فلاح و بہبود کے لئے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا: شہزادہ کریم آغا خان

پاکستانی سفیر کمال الدین احمد انتقال کر گئے



لاکھوں فرزندان توحید بادشاہی مسجد میں امام مسجد کا خطبہ جمعہ سن رہے ہیں

رحمتہ للعالمین نے جہالت و گمراہی کی تاریکیوں میں ایمان و ایقان کی قندیلیں روشن کیں: اندھے عقیدوں کی جگہ سوچنے سمجھنے کی صلاحیت عطا کی:

علماء اور دانشور مسلمانوں کو پستی سے نکالنے کیلئے غور و فکر کے بعد لائحہ عمل تیار کریں

معاشرے کو حکومت کی ذمہ داری قرار دیا اور دنیا کو اخوت، مساوات اور امن کی تعلیم دی

راولپنڈی میں پہلی بین الاقوامی سیرت کانگریس میں وزیر اعظم بھٹو کا افتتاحی خطاب



وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو اسلام آباد میں بین الاقوامی سیرت کانگریس کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

APRIL

PAT

NO

AAS

'CRE

TORO group at the made Associ for ref ion on Mohar

The A Studie tion o from U ing its conver Hotel

Our re 1976 i ial yea uest by Univer such a Jinnah ed.

When c

Sadat's follows the firs with th the Ru Russian Ramad visit an Sadat h to the following the rep amoun

With $